وہی ہے حق آشنا، پہلے جو خود آگاہ ہو

مکتب ہستی میں میری ایسے بسم اللہ ہو
وہ کہے اللہ ہوں اور میں کہوں اللہ ہو
میری میت جب رواں سوئے جنازہ گاہ ہو
میرے لب پر لاالہ اور رسول اللہ ہو
میں گہنگار ازل ہوں ، میں ہوں رند لم یزل
زاہد ان شہر سے گو میری رسم و راہ ہو
میں قلندر ہوں ، تونگر تو نہیں ، درویش ہوں
میرے رستے میں نہ حائل مال و عزو جاہ ہو
دو دمان شاہ ولی اللہ کا شاعر ہوں میں
ہے وہی حق آشنا ، پہلے جو خود آگاہ ہو
ترجماں ہوں سید احمد شاہ اسماعیل کا
میرا سر ہو اور بالا کوٹ کی درگاہ ہو
مولوی احمد علی لاریب مرشد تھے مرے
کیوں نہ پھر ورد زباں ہر دم عبیداللہ ہو
جھک نہیں سکتی کسی دہلیز پر میری جبیں
وہ کوئی فرعون ہو قارون ہو یا شاہ ہو
نام ہے آزاد شیرازی تخلص بھی یہی
حافظ شیراز سے پھر کیوں نہ رسم و راہ ہو

آزاد شیرازی (لاہور)

آہ! مولانا ابوالبرکات رح

گذشتہ روز گوجرانوالہ کے ممتاز اہل حدیث عالم دین مولانا ابوالبرکات رح انتقال فرما گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

مرحوم نیک دل عالم دین، پختہ کار مدرس اور اہل علم کی روایات کے امین تھے جامعہ اسلامیہ چاہ شاہاں والا میں کم و بیش نصف صدی تک تدریس کے فرائض سرانجام دیئے اور آخر وقت تک دینی خدمات میں مصروف رہے ان کے علاوہ جمعیۃ اہل حدیث کے ضلعی سیکرٹری جنرل مولانا محمد رفیق سلفی کے فرزند حافظ عتیق الرحمٰن سلفی گذشتہ روز راہوالی میں نماز فجر کی امامت کراتے ہوئے سفاک قاتلوں کی گولیوں کا نشانہ بن کر حالت نماز میں جام شہادت نوش کر گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں آمین۔

حدیث شریف کی معروف اور مستند کتاب

آثارُ السُّنن

تالیف: علامہ محمد بن علی النیموی رحمہ اللہ تعالیٰ المتوفی ۱۳۲۲ھ

اُردو ترجمہ ، اعراب ، حاشیہ ، تخریج

مولانا محمد اشرف فاضل مدرسہ نصرۃ العلوم و وفاق المدارس العربیہ پاکستان

پہلی بار اصل متن اور ترجمہ یکجا شائع کیا جا رہا ہے۔ طلباء اور عوام النّاس کی سہولت کے لیے اعراب لگا دیئے گئے ہیں ترجمہ نہایت آسان سلیس اُردو اور عام فہم انداز میں کیا گیا ہے ہر حدیث کا حوالہ مع باب و صفحہ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ ضروری اور اہم مقامات پر مختصر اور مفید حواشی درج کیے گئے ہیں۔ دینی مدارس کے طلباء اور عوام النّاس کے لیے یکساں مُفید ہے۔

عمدہ طباعت، خوبصورت جلد، قیمت ۱۵۰/- روپے

آثارُ السُّنن مع التعلیق الحسن عربی

حققہ وصححہ

مولانا محمد اشرف فاضل مدرسہ نصرۃ العلوم و وفاق المدارس العربیہ پاکستان

اعراب ، تخریج اور تحقیق کے ساتھ معیاری کتابت عمدہ طباعت ، خوب صُورت اور مضبوط جلد۔

قیمت : ایک سو روپیہ

مکتبہ حسینیہ قذافی روڈ گرجاکھ گوجرانوالہ